

Year 1 Phonics Screening Check

| Information for parents and carers

پہلی جماعت میں فونکس (Phonics) سکریننگ چیک

| والدین اور کیئررز کے لیے معلومات

فونکس سے کیا مراد ہے؟

فونکس کا مطلب حروف اور آوازوں کا باہمی تعلق ہے اور پڑھنا سیکھنے کے لیے فونکس سے واقف ہونا لازمی ہے۔ کچھ بچوں کے لیے پڑھنا مشکل ہوتا ہے لہذا ان بچوں کا جلد پتہ چلانا اہم ہے۔ اس طرح اساتذہ بچوں کی ضرورت کے مطابق خاص مدد کی منصوبہ بندی کر سکتے ہیں۔

پہلی جماعت میں فونکس سکریننگ چیک سے کیا مراد ہے؟

پہلی جماعت میں فونکس سکریننگ چیک سے مراد ایک مختصر، پوری سٹیٹ میں کی جانے والی اسیسمنٹ ہے جس سے اساتذہ کو پتہ چلتا ہے کہ آپ کا بچہ فونکس میں کیسا جا رہا ہے۔ اس سکریننگ چیک میں دیکھا جاتا ہے کہ آپ کا بچہ مختلف حروف کو ملا کر بننے والے انگلش الفاظ پڑھنے میں کیسا ہے۔ آپ کا بچہ ایک استاد کے ساتھ بیٹھے گا اور اسے اونچی آواز سے 40 الفاظ پڑھنے کو کہا جائے گا۔ ان میں سے 20 اصل بامعنی الفاظ ہوتے ہیں اور 20 مہمل (جن کا کوئی مطلب نہ ہو)۔ مہمل الفاظ کا مقصد یہ دیکھنا ہے کہ کیا بچہ اپنا حروف کو جوڑنے کا علم استعمال کر سکتا ہے یا صرف پہلے دیکھے ہوئے الفاظ کو یادداشت کی بنیاد پر پڑھ رہا ہے۔ اس ٹیسٹ میں عام طور پر 5 سے 7 منٹ لگتے ہیں۔ اگر آپ کے بچے کو زیادہ مشکل ہو تو استاد چیک روک دے گا۔ یہ چیک خاص خیال رکھتے ہوئے ڈیزائن کیا گیا ہے تاکہ بچوں پر دباؤ نہ پڑے۔

پہلی جماعت میں فونکس سکریننگ چیک کا بنیادی مقصد آپ کے بچے کے استاد کو وہ معلومات فراہم کرنا ہے جن سے اسے بچے کی تعلیم کی منصوبہ بندی میں مدد ملے گی۔ استاد ہر بچے کی انفرادی اسیسمنٹ کرتا ہے اور پہلی جماعت کے تمام بچوں کی اسیسمنٹ کی جائے گی۔

فونکس کیوں اہم ہے؟

فونکس کا علم اور صلاحیت انگلش پڑھنا اور لکھنا سیکھنے کے لیے لازمی ہے۔ کامیاب ہونے کے لیے ضروری ہے کہ طالبعلم ہر حرف کی آواز اور مختلف طریقوں سے ملا کر لکھے جانے والے حروف کی آوازوں کو پہچانتے ہوں اور ان آوازوں کو جوڑ کر الفاظ پڑھنے کی صلاحیت حاصل کریں۔ جو بچے پڑھنا شروع کر رہے ہوں، انہیں تیزی سے اور روانی سے آوازوں کو جوڑ کر الفاظ بنانا سیکھنے کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ پڑھنے میں روانی اور تحریر کی فہم میں خلل نہ پڑے۔

اگر پہلی جماعت میں فونکس سکریننگ چیک کے متعلق آپ کا کوئی سوال ہو تو براہ مہربانی سکول سے رابطہ کریں۔

ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ کو سکول سے رابطہ کرنے کے لیے انٹرپریٹر (مترجم) کی مدد کی ضرورت ہو تو براہ مہربانی 131 450 پر فون کر کے آپریٹر کو اپنی زبان بتائیں اور سکول کو فون کرنے کے لیے کہیں۔ آپریٹر لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا جو بات چیت میں آپ کی مدد کرے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔